SBS

Media Release

5 October 2021

مستقبل کی ریڈیو اور لینگویج سروسز کو بہتر بنانے کے لیے ایس بی ایس عوامی رائے کا منتظر ہے

متنوع آسٹریلوی معاشرے کی ضروریات کو پورا کرنا ایس بی ایس کی پیشہ وارانہ ذمہ داریوں کا ایک اہم جزو ہے۔ عہد حاضر کے تقاضوں سے ہم آہنگ رہنے کے لیے ایس بی ایس نے مستقل بنیادوں پر اپنی ریڈیو لینگویج سروسز کا ازسر نو جائزہ لینے کا فیصلہ کیا ہے۔

ایس بی ایس، اپنی لینگویج سروسز کا جائزہ ہر پانچ سال بعد لیتا ہے تاکہ لینگویج سروسز نہ صرف مردم شماری کے نتائج سے ہم آہنگ ہوں بلکہ اس امر کو بھی یقینی بنایا جائے کہ ایس بی ایس کی ریڈیو سروسز آج کے جدید اور بدلتے ہوئے آسٹریلوی معاشرے کی نمائندگی کرتی ہیں۔ یہ پانچ سالہ جائزہ، ایس بی ایس آن ڈمانڈ، پاڈ کاسٹنگ اور دیگر ڈیجیٹل سروسز کا احاطہ کرتا ہے۔

اس ضمن میں تجاویز اور مسودے کی تیاری کے لیے آج سے عوامی رائے اور مشاورت کا آغاز کیا جا رہا ہے۔ چھ ہفتے پر محیط یہ عوامی مشاورت 12 نومبر 2021 تک جاری رہے گی۔ یہ عوامی مشاورت آسٹریلیا کے مختلف ثقافتی پس منظر رکھنے والے طبقات کے لیے ایک اہم موقع ہے کہ وہ آئندہ کے ایس بی ایس ریڈیو لینگویج سروسز کی راہ متعین کرنے کے لیے اپنا کردار ادا کریں، کیونکہ عوامی رائے کو مستقبل کے آڈیو اور ریڈیو لینگویج سروسز کی حتمی تشکیل کے وقت مدنظر رکھا جائے گا۔

ایس بی ایس آڈیو اور لینگویج کونٹینٹ کے ڈائریکٹر ڈیوڈ ہیو کے مطابق ایس بی ایس کو یہ انفرادیت حاصل ہے کہ وہ اپنی کثیر السانی سروسز کے ذریعے آسٹریلیا کی متنوع اور کثیر الثقافتی عوام میں مختلف ذرائع سے اثرانداز ہونے کی صلاحیت رکھتا ہے۔ اس کا عملی مظاہرہ کووڈ-19 کی عالمی وبا کے دوران دیکھا گیا جب عوام کو اس وبا سے متعلق تازہ ترین معلومات ان کی ترجیحی زبان میں مہیا کی گئیں۔ ان کا کہنا تھا کہ یہ جائزہ ایس بی

Special Broadcasting Service
14 Herbert Street, Artarmon NSW 2064 Australia sbs.com.au

ایس کی سروسز کو پچاسویں سالگرہ تک مزید بہتر بنانے میں اہم کردارادا کرے گا۔ لینگویج سروسز کے مسودے کی حتمی تشکیل مئی 2022 تک کی جائے گی اور نظر ثانی شدہ لینگویج سروسز کا نفاذ 2022 کے اختتام تک کر دیا جائے گا۔

مسودے کی حتمی تشکیل کے لیے عوامی مشاورت کا سلسلہ 5 اکتوبر سے 12 نومبر 2021 تک جاری رہے گا۔ اس بارے میں جاننے اور اپنی رائے دینے کے لیے جائیں sbs.com.au/consultation

Special Broadcasting Service
14 Herbert Street, Artarmon NSW 2064 Australia sbs.com.au